35

پینتیسویں اجلاس عام کے موقع پر

# سالانہ رپورٹ

# 2020-21ء

انجمن خدّام القرآن

سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

www.QuranAcademy.com

| | |
|---|---|
| نام کتاب | 35ویں سالانہ رپورٹ |
| مرتب | محمد سلمان اشرف (سیکریٹری) |
| ناشر | مدیرِ مطبوعات، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی |
| مقامِ اشاعت | مرکزی دفتر: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی<br>B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی |
| فون | +92-21-34993436-37 |
| ای میل | info@QuranAcademy.com |
| ویب سائٹ | www.QuranAcademy.com |
| اشاعت | ربیع الاول 1443ھ، اکتوبر 2021ء |
| تعداد | 200 |

# فہرست



| | | |
|---|---|---|
| 1 | ابتدائیہ | 5 |
| 2 | پیغام از صدرِ انجمن | 6 |
| 3 | مجلسِ عامہ کے 35 ویں اجلاس کی ترتیب | 9 |
| 4 | تعارف انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی | 10 |
| 4.1 | اغراض ومقاصد | 11 |
| 4.2 | کوائف انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی | 12 |
| 4.3 | انجمن کا دستوری ڈھانچہ | 13 |
| 4.3.1 | مجلسِ عامہ | 13 |
| 4.3.2 | اراکینِ مجلسِ شوریٰ | 14 |
| 4.3.3 | اراکینِ مجلسِ عاملہ | 15 |
| 5 | مرکزی دفتر | 17 |
| 5.1 | شعبۂ تعلیم وتدریس | 17 |
| 5.1.1 | شعبۂ تعلیم کے تحت مجالس | 17 |
| 5.1.2 | رجوع الی القرآن کورسز | 18 |
| 5.1.3 | حلقات ودورات | 19 |
| 5.1.4 | مختصر آن لائن کورسز | 19 |
| 5.1.5 | مدرسۃ القرآن للحفظ والقراء | 19 |

| | | |
|---|---|---|
| 5.2 | مرکزِ تعلّم و تحقیق | 19 |
| 5.3 | شعبۂ مطبوعات | 20 |
| 5.4 | شعبۂ مکتبہ | 21 |
| 5.5 | شعبۂ ملٹی میڈیا | 21 |
| 5.6 | شعبۂ اطلاعتی تکنیکیات (IT) | 22 |
| 5.7 | دیگر قابلِ ذکر سرگرمیاں | 23 |
| 6 | ذیلی ادارے | 24 |
| 6.1 | قرآن اکیڈمی ڈیفنس | 24 |
| 6.2 | قرآن اکیڈمی یٰسین آباد | 25 |
| 6.3 | قرآن اکیڈمی کورنگی | 27 |
| 6.4 | قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر | 27 |
| 6.5 | قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد | 28 |
| 6.6 | قرآن مرکز لانڈھی | 30 |
| 6.7 | دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول | 30 |
| 7 | مستقبل کے منصوبہ جات | 32 |
| 8 | ہدیۂ تشکر از سیکریٹری انجمن | 33 |
| 9 | ہمارا ہدف کیا ہے؟ | 34 |
| 10 | آڈٹ شدہ حسابات | 37 |

## 1. ابتدائیہ

امسال ماہِ اگست میں دنیا نے ایک نا قابلِ یقین واقعہ کو وقوع پذیر ہوتے دیکھا جب قوتِ ایمانی پر بھروسہ کرتے ہوئے کم وبیش 50 ہزار سرفروشوں نے دنیاوی اعتبار سے کسی قسم کے قابلِ قدر وسائل نہ ہونے کے باوجود دنیا کی سب سے بڑی فوجی قوت کو اس کے چالیس سے زائد حلیف سمیت ایک ایسی شکست سے دوچار کیا جس کی مثال نہ صرف یہ کہ تاریخ انسانی میں شاید دیکھی گئی ہو بلکہ کسی کے وہم وگمان میں بھی ہو۔

اکتوبر 2001 میں پوری دنیا کی حمایت سے ان افواج نے افغانستان کے نہتے، غریب، مفلوک الحال لوگوں پر وحشیانہ حملے شروع کیے اور اس بات کا دعویٰ کیا کہ ان کو اور اگر کسی نے ان کی حمایت کی تو انہیں بھی پتھروں کے زمانے (Stone age) میں دھکیل دیا جائے گا۔ جس میں یہ دھمکی بھی شامل تھی کہ آپ اس بات کا انتخاب کریں کہ آپ ان کے حلیف ہیں بصورتِ دیگر آپ ان کے دشمنوں کے زمرے میں شامل ہیں اور ایک خوفناک انجام کے لیے تیار رہیں۔

بدقسمتی سے امتِ مسلمہ میں سے کسی ایک ملک نے بھی ان مجاہدینِ اسلام کی کسی قسم کی بھی کوئی حمایت نہ کی۔ آج کم وبیش بیس سال کے بعد ہمارے لیے سوچنے کا ایک اہم مقام ہے کہ دین پر مر مٹنے والے پروانوں نے دین کی سربلندی کے لیے اپنی جانوں کی پروانہ کرتے ہوئے صرف اللہ کی دی ہوئی قوتِ ایمانی پر بھروسہ کیا اور قرآنِ کریم کی اس آیت کو حرف بہ حرف صحیح ثابت کیا:

وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾ سورۃ آلِ عمران

اور تم ہمت نہ ہارو اور غم نہ کھاؤ، اگر تم ایمان والے ہو تو تم ہی غالب ہو گے

یہ آیہ مبارکہ ہمیں جو سبق دیتی ہے وہ یہ ہے کہ غلبہ دین کے لیے بھروسہ دنیاوی اسباب پر نہیں بلکہ قوتِ ایمانی پر ہونا چاہیے۔ اور اس قوتِ ایمانی کو ہمارے نفوس میں متحرک کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک معجزہ کی صورت میں جو ہمیں عطا فرمایا وہ قرآنِ کریم ہے۔ ہمارا اس سے تعلق اس کو پڑھنے، سمجھنے، اس کے الفاظ اور روح کے مطابق عمل کرنے اور اس کے پیغام کو دوسروں تک پہنچانے سے مضبوط ہو گا اور یہ ہمارے حقوقِ قرآنی کے ضمن میں بنیادی ذمہ داریاں بھی ہیں۔ آج امت مغلوبیت کی جس کیفیت سے گزر رہی ہے اس کی بنیادی وجہ ہماری ان ذمہ داریوں سے احتراز ہے۔

بانی ومؤسس انجمن خدام القرآن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس سبب لوگوں کو قرآن سے جوڑنے کے لیے بیڑا اٹھایا اور آج اس معجزانہ فتح سے ہم کو یہ یقین ہو جانا چاہیے کہ اگر بحیثیت امت ہم قرآنی تعلیمات پر عمل کریں تو ایک دفعہ پھر ایک غالب قوم کے طور پر ابھر سکتے ہیں اور اللہ رب العزت کی کبریائی کا پرچم بلند کر سکتے ہیں۔

اللہ سبحانہ تعالیٰ بحیثیت رکنِ انجمن ہمیں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس کامیابی کے استحکام اور وسعت کے لیے اپنا حتی المقدور حصہ ڈالنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## 2. پیغام از صدرِ انجمن

تمام حمد و ثنا اس ذاتِ باری تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں اپنے دین کی خدمت کے لیے منتخب کیا اور تمام درود و سلام اُس ذاتِ اقدس ﷺ کے لیے جس کے صدقے ہمیں اِس دین کا شعور حاصل ہوا۔ یہ ربِ ذوالجلال کے خصوصی فضل کا مظہر ہے اور میرے لیے باعث اعزاز ہے کہ میں صدرِ انجمن کی حیثیت سے آپ تمام حضرات وخواتین کو انجمن کے پینتیسویں سالانہ اجلاس میں تشریف آوری کی دعوت دے رہا ہوں۔ یہ ذاتِ باری تعالیٰ کا ہی فضل و کرم ہے کہ اس نے ہمیں اس کارِ خیر میں اپنا حصہ ڈالنے کی توفیق عطا فرمائی، جس کا آغاز داعیٔ قرآن محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے خدمتِ قرآنی کے جذبے سے سرشار ہو کر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے نام سے ایک ادارہ قائم کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ اس ادارے کا مقصد وقت اور شعورِ انسانی کی اعلیٰ ترین سطح پر علومِ قرآنی اور پیغامِ رحمانی کو خواص و عوام تک پہنچانا ہے۔ آغاز سے اب تک ملک بھر میں مرکزی انجمن کی کئی شاخیں اور کئی قرآن اکیڈمیز قائم ہو چکی ہیں اور دینی علوم کا ایک معیاری مدرسہ کلیۃ القرآن کے نام سے لاہور میں سرگرم عمل ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہماری کوششیں ''حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا'' کے مصداق مطلوبہ معیار کی نہیں تاہم انجمن خدام القرآن سندھ اور اس کے تحت ذیلی ادارے خدمتِ قرآنی کے مشن میں اپنا کردار بحسنِ خوبی ادا کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔

اراکین کے لیے یہ بات باعثِ مسرت ہوگی کہ اب تک 2200 سے زائد طلبہ و طالبات رجوع الی القرآن کورس میں شرکت کر چکے ہیں۔ کئی حضرات وخواتین نے ادارہ ہذا کے زیر اہتمام آن لائن مختصر دورانیہ کے کورسز سے استفادہ کیا۔ اسی طرح سال رواں میں مزید 264 افراد نے انجمن کی رکنیت حاصل کی۔ مختصراً یہ بات بھی آپ کے علم میں لانا مفید رہے گا کہ دورانِ سال انجمن کی مجموعی آمدن تقریباً 8 کروڑ 83 لاکھ روپے رہی جب کہ گذشتہ سال 6 کروڑ 81 لاکھ روپے تھی۔ اخراجات سالِ گذشتہ میں 6 کروڑ 37 لاکھ تھے جو کہ بڑھ کر 8 کروڑ 8 لاکھ ہو گئے ہیں۔ جو اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ انجمن کے کام میں الحمدللہ وسعت ہو رہی ہے۔ اس وسعتِ کام کا سلسلہ ثم الحمدُ للہ سال بہ سال جاری ہے۔

رواں مالی سال میں آمدنی اور اخراجات کے مابین واضح فرق کے سبب یہ بات خلافِ محل نہ ہوگی کہ جن اراکین نے رکنیت کے وقت انفاق کی رقم جتنی متعین کی تھی تو برائے مہربانی وہ اس کے اضافے پر سنجیدگی سے غور فرمائیں تو عنداللہ ماجور ہوں گے، ان شاء اللہ۔ اس سلسلے میں اراکینِ انجمن سے درخواست ہے کہ اپنے حلقہ اثر میں مخیر حضرات سے رابطہ کر کے انجمن کے لیے مالی تعاون کی طرف ترغیب دلائیں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ انجمن کے ذمہ داران سے ملاقات کروائی جائے تو اس سلسلے میں رابطہ کر کے وقت کا تعین کر سکتے ہیں۔

یہ حقیقت بھی ہماری نگاہ میں مستحضر رہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قرآن ہی کے ذریعے دعوت و تربیت کا فرض ادا کیا اور اس دعوت کی بدولت جماعتِ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کی صورت میں ایسے اہلِ ایمان تیار کیے، جن کی حیات ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ اس کا ذکر خود قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے سورۃ الجمعہ آیت ۲ میں فرمایا:

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَ
يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٢

وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے (محمد ﷺ) کو پیغمبر (بنا کر)
بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی)
کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔"

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اسی طریقہ کار اور تعلیمات کی روشنی میں ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے میں تلوار لیے صحرائے عرب سے نکلے اور کچھ ہی عرصے میں دنیا کی تمام قابلِ ذکر طاقتوں کو تہہ و بالا کرتے ہوئے دین کو قائم کر کے سرخرو ہو گئے۔ بقول علامہ اقبالؒ ؎

مغرب کی وادیوں میں گونجی اذاں ہماری
تھمتا نہ تھا کسی سے سیلِ رواں ہمارا

آج مسلمان دنیا کی ایک بڑی اکثریت ہیں، مگر اقوامِ عالم میں نہایت بے حیثیت اور کسی قابلِ ذکر مقام سے محروم ہیں۔ فرمانِ رسول ﷺ کے مطابق آج ہماری مثال سمندر کے جھاگ جیسی ہے اور ہمیں اس کیفیت سے نکلنے کے لیے اس بات کو سمجھنا اور ماننا ہوگا کہ قرآن ہی وہ ذریعہ ہے جس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی ہم اللہ کے دین کو دنیا میں قائم کر سکتے ہیں یا دوسرے معنوں میں دنیا میں اللہ کی حاکمیت پر مبنی نظام یعنی خلافت راشدہ کی نظیر قائم کر سکتے ہیں۔ ایک حدیث مبارکہ کے مطابق:

اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ ۝١

"اللہ تعالیٰ اسی کتاب (کو تھامنے) کی بدولت بہت سی قوموں کو عروج عطا فرمائے گا
اور (اسے ترک کر دینے کی وجہ سے) بہت سی قوموں کو ذلیل و رسوا فرمائے گا"

ہماری حالت کا مرثیہ آج سے تقریباً 125 سال پہلے الطاف حسین حالی نے یوں کہا تھا کہ

اے خاصہ خاصان رسل وقت دعا ہے
امت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے
جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغربا ہے

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ دنیا میں ہمارے زوال اور مختلف عذاب کی صورتوں کے نزول کا سب سے بڑا اور بنیادی سبب قرآنِ حکیم سے

(۱) صحیح مسلم باب فضل من یقوم بالقرآن و یعلّمہ

دوری ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ ۔

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہوکر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہوکر

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی مذکورہ بالا مقاصد کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیماتِ قرآنی کو عام کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔ خادمینِ قرآن کی ایک بڑی تعداد اس قافلے میں قدم بہ قدم ہمارے ساتھ ہے اور الحمدللہ ان میں روز افزوں اضافہ بھی ہو رہا ہے۔ اکثر یہی وہ افراد کار ہیں جو تنظیم اسلامی کے پلیٹ فارم سے دعوت قرآنی کو عوام الناس تک پہنچا رہے ہیں اور بانی تنظیم اسلامی و مؤسس انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے تصور کے عین مطابق دین حق کے غلبۂ ثانی کے لیے راہ ہموار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ الحمدللہ! اس سب کے باوجود چوں کہ اس کام کے تقاضے بہت وسیع ہیں اس لیے ہمیں ایسے ساتھیوں کی ضرورت ہر وقت رہتی ہے جو تعلیماتِ قرآنی کی نشر و اشاعت کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیں اور مفہومِ حدیث کے مطابق ان لوگوں میں شامل ہو جائیں جو ہم میں سے بہترین ہیں۔

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ (بخاری)

''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور دوسروں کو سکھائیں''

آخر میں میری تمام اراکینِ انجمن سے گزارش ہے کہ جہاں وہ ادارہ ہذا کے ساتھ مالی انفاق کر کے جہاد بالمال کے تقاضے کو پورا کرنے کی سعی کر رہے ہیں وہاں ادارہ کے زیر اہتمام منعقد کیے جانے والے کورسز بالخصوص رجوع الی القرآن کورس میں نہ صرف خود بلکہ اپنی اولاد، اعزاء واقارب کے ساتھ شرکت فرمائیں تاکہ قرآن حکیم کے نور سے ہماری زندگیاں منور ہو جائیں، ہماری اولاد ہمارے لیے صدقہ جاریہ بن جائے اور ہمارے رشتہ دار ہماری دعوت کے نتیجہ میں ہمارے لیے قیمتی دولت بن جائیں جس کی نوید نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس روایت میں سنائی ہے:

''اے علیؓ! اللہ تعالیٰ تیرے ذریعے ایک آدمی کو ہدیت دے دے تو یہ تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔'' [مسلم]

ساتھ ہی آپ سے میری خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے کہ ہم نے صرف اللہ ہی کی تائید و نصرت کی امید کے سہارے **گلستان جوہر** کے علاقے میں ایک وسیع وعریض **قرآن اکیڈمی** کے قیام کا ارادہ کیا ہے تاکہ قرآن حکیم کی تعلیمات مزید عام ہو سکیں اور لوگ اس سے موثر انداز میں استفادہ کر سکیں، اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اس ضمن میں غیب سے وسائل پورے فرمائے اور اپنے بندوں کو خصوصی توفیق مرحمت فرمائے کہ وہ اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر جانی و مالی تعاون کر سکیں اور اپنے لیے توشہ آخرت بنا سکیں۔ آمین یارب العالمین

میں جملہ اراکینِ انجمن اور ان تمام احباب کا دلی شکرگزار ہوں جو اس خدمتِ قرآنی میں بالواسطہ یا بلاواسطہ شریک ہیں۔ اللہ رب العزت ان کی کوششوں کو قبول ومقبول فرمائے اور آخری سانس تک ہمیں اپنے دین کی حفاظت اور دامے درمے سخنے خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے۔

آمین!

# 3. مجلسِ عامہ کے 35ویں اجلاس کی ترتیب

| | | |
|---|---|---|
| تاریخ | : | 31 اکتوبر 2021ء |
| دن | : | اتوار |
| مقام | : | دی وینیو بینکوئٹ (The Venue Banquet) |
| وقت | : | صبح 9:30 بجے |
| آئٹم نمبر ۱ | : | تلاوتِ قرآنِ کریم مع ترجمہ / نعت رسول مقبول ﷺ |
| آئٹم نمبر ۲ | : | سابقہ اجلاس منعقدہ 4 اپریل 2021ء کی روداد برائے توثیق (روداد ارسال کی جاچکی ہے) |
| آئٹم نمبر ۳ | : | افتتاحی کلمات از صدرِ انجمن |
| آئٹم نمبر ۴ | : | سالانہ رپورٹ برائے سال 2020-21 برائے منظوری |
| آئٹم نمبر ۵ | : | آڈٹ شدہ حسابات (جولائی 2020ء تا جون 2021ء) برائے منظوری |
| آئٹم نمبر ۶ | : | اراکینِ انجمن کو خطوط، رپورٹس اور روداد کی بذریعہ برقی ذرائع ابلاغ ترسیل کی تجویز برائے منظوری |
| آئٹم نمبر ۷ | : | سابقہ آڈیٹرز کے لیے ہدیۂ تشکر کی قرارداد اور آئندہ سال 2021-22 کے حسابات کے لیے آڈیٹرز کا تقرر |
| آئٹم نمبر ۸ | : | انتخابات برائے مجلسِ شوریٰ جنوری 2022ء تا دسمبر 2025ء |
| آئٹم نمبر ۹ | : | دیگر امور باجازتِ صدرِ مجلس |
| آئٹم نمبر ۱۰ | : | ہدیۂ تشکر از سیکریٹری انجمن |
| آئٹم نمبر ۱۱ | : | صدارتی کلمات و دعاء از نگرانِ انجمن محترم شجاع الدین شیخ صاحب حفظہ اللہ |

# 4. تعارف انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

کیا ہم نے کبھی غور کیا کہ کیا وجہ ہے کہ دینِ اسلام جو کہ قرونِ اولیٰ میں اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ تین براعظموں میں قائم تھا آج اس کے ماننے والے زوال، انتشار اور انحطاط کا شکار کیوں ہیں؟

نبی اکرم ﷺ کے اس فرمانِ مبارک پر غور کرنے سے اس کی اصل وجہ سمجھ میں آتی ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتٰبِ اَقْوَامًا وَّ يَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ (مسلم)

’’بے شک اللہ تعالیٰ اس کتاب (یعنی قرآنِ حکیم) کو تھامنے کی بدولت بہت سی قوموں کو عروج عطا فرمائے گا اور (اسے ترک کر دینے کی وجہ سے) بہت سی قوموں کو ذلیل و رُسوا فرمائے گا۔‘‘

یعنی آج اُمتِ مسلمہ جس افسوسناک صورتحال سے دوچار ہے اس کا بنیادی سبب کتاب اللہ سے دوری ہے۔ مسلمانوں کا عروج وزوال قرآن مجید سے قربت یا اس سے دوری پر منحصر ہے۔ اور افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ دین کا فہم رکھنے والی خاصی تعداد اس بات ادراک رکھنے کے باوجود آپس کے فروعی اختلافات کی بنیاد پر بٹے ہوئے ہیں۔ اس صورت حال سے نکلنے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن حکیم سے اپنے تعلق کو زندہ اور مضبوط کیا جائے۔

بفضلہ تعالیٰ اسی مقصد کے تحت ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ ایک طویل عرصہ تک تحریر وتقریر کے ذریعے امت مسلمہ کو اُس کی زبوں حالی کے اصل سبب یعنی قرآن حکیم سے دوری سے آگاہ فرماتے رہے اور اصلاح احوال کے لیے قرآن مجید کے حقوق کی ادائیگی پر زور دیتے رہے۔

جس کے پیشِ نظر 1972 میں ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ’’مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور‘‘ کے نام سے ایک ادارہ قائم فرمایا۔ جس کا مقصد عربی زبان کی تعلیم وترویج کے ذریعے ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم وتربیت ہو جو تعلّم وتعلیم قرآن حکیم کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیں۔ یہ ضرورت آج ذرائع ابلاغ پر آسانی سے دستیاب اکثر مواد جو کہ لوگوں کو دین کی ایک غلط تشریح کی طرف لے جا رہا ہے، اس سے قطع نظر کے یہ اس کے علاوہ معاشرے میں اور دیگر بے انتہا خرابیاں پیدا کر رہا ہے اس بات کی متقاضی ہے کہ ایسی قرآن اکیڈمیز قائم کی جائیں جو مذکورہ بالا اختلافات بالخصوص علمی اختلافات پر ایک دوسرے سے ادب و احترام کے دائرے میں رہتے ہوئے قرآن کے فلسفہ وحکمت کو عام فہم انداز میں عصری علوم سے وابستہ لوگوں خصوصاً نوجوانوں کے سامنے پیش کر سکیں۔




یہ وہ مقاصد تھے جن کے تحت مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور کی اندرون ملک متعدد شاخوں کا قیام عمل میں آیا، جن کی تفصیل خاکہ کی

صورت میں اوپر درج کی گئی ہے ۔ان میں سے اولین شاخ ''انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی''ہے، جس کا قیام بحمدہٖ تعالیٰ 1986 میں ہوا۔ انجمن ہٰذا کے قیام سے اب تک اس کے کئی ذیلی ادارے اور شعبہ جات قائم ہو چکے ہیں جن کے تحت مختلف تعلیمی، تدریسی، تبلیغی اور تحقیقی سرگرمیاں بحسنِ خوبی جاری ہیں۔

# انجمن خُدّامُ القرآن

کے قیام کا مقصد

منبعِ ایمان ---اور--- سرچشمۂ یقین

# قرآنِ حکیم

کے **علم و حکمت** کی

وسیع پیمانے ---اور--- اعلیٰ علمی سطح

پر تشہیر و اشاعت ہے

تاکہ اُمّتِ مُسلمہ کے فہیم عناصر میں **تجدیدِ ایمان** کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے

اور اس طرح

اسلام کی نشأۃِ ثانیہ ---اور--- غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی

کی راہ ہموار ہو سکے

## 4.1 اغراض و مقاصد

بفضلہٖ تعالیٰ انجمنِ ہٰذا خدمتِ قرآنی کے اس مشن میں اپنا کردار بحسن و خوبی ادا کرنے اور اس عظیم مقصد کے حصول میں بساط بھر کوشاں ہے۔ زیرِ مطالعہ رپورٹ میں درج سرگرمیوں کی تفاصیل اس بات کی عکاس ہیں کہ الحمدللہ انجمن کے کام میں وسعت ہو رہی ہے اور اس وسعتِ کام کا سلسلہ سال بہ سال جاری ہے جو کہ ربِ ذوالجلال کے خصوصی فضل کا مظہر ہے اور اس کی خصوصی نصرت و تائید کے بغیر ناممکن ہے اور مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

وَمَا النَّصۡرُ اِلَّا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ

# 4.2. کوائف انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

## 4.2.1. رجسٹرڈ آفس

B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانی روڈ، بلاک 6 گلشن اقبال، کراچی، پاکستان۔

فون: +92-21-34993436-37

ای میل: info@QuranAcademy.com

ای میل صدرِ انجمن: president@QuranAcademy.com

ای میل سیکریٹری انجمن: secretary@QuranAcademy.com

ویب سائٹ: www.QuranAcademy.com

## 4.2.2. آڈیٹر **(Auditor)**

رحیم جان اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس)
پہلی منزل، نیلسن چیمبر، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

## 4.2.3. بینک اکاؤنٹس

۱) الائیڈ بینک آف پاکستان لمیٹڈ

اکاؤنٹ نمبر: 01690010010450600026

اکاؤنٹ نمبر: 01690010010450600010 (برائے زکوٰۃ)

۲) حبیب بینک لمیٹڈ

اکاؤنٹ نمبر: 50267900060803

اکاؤنٹ نمبر: 50267900061003 (برائے زکوٰۃ)

۳) میزان بینک لمیٹڈ

اکاؤنٹ نمبر: 99070102698038

اکاؤنٹ نمبر: 99070102701392 (برائے زکوٰۃ)

## 4.3. انجمن کا دستوری ڈھانچہ

اراکینِ واحبابِ انجمن اس بات سے واقف ہیں کہ ادارہ ہٰذا حکوتِ سندھ کے رجسٹرار جوائنٹ اسٹاک کمپنیز کے پاس 1890 سوسائٹی رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے اور اس کا دستور، اس کی سالانہ رپورٹس بمعہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور اجلاسِ عامہ کی رپورٹ/ روداد باقاعدگی کے ساتھ قانونی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جمع کروائی جاتی ہیں اور مدعوین میں رجسٹرار جوائنٹ اسٹاک کمپنیز بھی شامل ہوتے ہیں۔

2007 کے ترمیم شدہ اس دستور کے تحت انجمنِ ہٰذا کا ایک عمومی خاکہ درجِ ذیل ہے۔




انجمن کے دستور کے تحت درجِ ذیل مجالس کام کرتی ہیں۔

### 4.3.1. مجلسِ عامہ

مجلسِ عامہ میں مختلف حلقہ نیابت میں کُل 2396 اراکین شامل ہیں، جس کی تفصیل جدول کی صورت میں ذیل میں درج ہے۔ اس کا اجلاس سالانہ بنیاد پر منعقد کیا جاتا ہے۔ مجلسِ عامہ کے فرائض واختیارات میں انجمن کی سالانہ رپورٹ، سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کی

منظوری اور قواعد وضوابط کے مطابق 4 سال کے لیے ارکانِ شوریٰ کا انتخاب شامل ہے۔

| نمبر | حلقہ ہائے نیابت | 2020-2021 کے دوران اراکین کا اضافہ | سال کے اختتام پر اراکین کی کل تعداد |
|---|---|---|---|
| ۱ | محسنین | 106 | 922 |
| ۲ | ناصرین | 64 | 634 |
| ۳ | معاونین | 94 | 1105 |
| | میزان | 264 | 2661 |

نوٹ: دستور کی دفعہ 5.2 کے تحت 1 غیر فعال اراکینِ انجمن کی سابقہ بقایا جات کی ادائیگی کے بعد ان کو فعال اراکین میں شامل کیا گیا اور دستور کی دفعہ 5.4 کے تحت 13 اراکین سے معزرت کے بعد ان کی رکنیت ختم کی گئی۔ جبکہ 12 اراکین انجمن قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے۔

### 4.3.2 اراکینِ مجلسِ شوریٰ

موجودہ دستور کے تحت اراکینِ مجلسِ شوریٰ کی کُل تعداد 28 ہے، موجودہ اراکینِ شوریٰ کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔ دستوری تقاضوں کے تحت اس مجلس کے سال میں 4 اجلاس منعقد کیے جاتے ہیں، جن میں انجمن کے امور کی انجام دہی کے لیے بنیادی اور اہم نوعیت کے فیصلے کیے جاتے ہیں اور ان پر عمل درآمد کی نگرانی کی جاتی ہے۔

حلقۂ محسنین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب | ۲ | جناب خبیب عبدالقادر صاحب |
| ۳ | جناب ذیشان حفیظ خان صاحب | ۴ | جناب ذیشان طاہر صاحب |
| ۵ | جناب سید مطیع الرحمٰن صاحب | ۶ | جناب شاہد حفیظ چوہدری صاحب |
| ۷ | جناب عارف جمال فیاضی صاحب | ۸ | جناب عارف خان راجپوت صاحب |
| ۹ | جناب عبدالحفیظ صاحب | ۱۰ | جناب عبدالقیوم صاحب |
| ۱۱ | جناب محمد الیاس معرفانی صاحب | ۱۲ | جناب محمد رفیع رضا صاحب |
| ۱۳ | جناب محمد نسیم الدین صاحب | ۱۴ | جناب نوشاد علی شیخ صاحب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | جناب وسیم احمد میمن صاحب | ۱۶ | راقم الحروف (محمد سلمان اشرف) |

حلقۂ ناصرین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | جناب آصف حبیب پراچہ صاحب | ۲ | جناب سید سلمان صاحب |
| ۳ | جناب عاطف محمود صاحب | ۴ | جناب محمد کامران جمیل صاحب |
| ۵ | جناب محمد نعمان نسیم صاحب | ۶ | جناب نعمان اختر صاحب |

حلقۂ معاونین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب | ۲ | جناب سعد عبداللہ صاحب |
| ۳ | جناب سلیم الدین صاحب | ۴ | جناب فاروق احمد صاحب |
| ۵ | جناب فیصل منظور صاحب | ۶ | جناب محمد فیصل منصوری صاحب |

### 4.3.3. اراکینِ مجلسِ عاملہ

مجلسِ عاملہ کی تشکیل صدرِ انجمن فرماتے ہیں اور یہ مجلس انجمن کے جملہ امور کی انجام دہی اور ذیلی اداروں کی نگرانی میں صدرِ انجمن کی معاونت کرتی ہے۔اس کے اجلاس ماہانہ بنیادوں پر منعقد کیے جاتے ہیں۔مجلسِ عاملہ میں شامل ارکان کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔تمام ارکان مرکزی دفتر، ذیلی اداروں اور مراکز میں بحیثیت مدیر و ناظم اپنی ذمہ داریاں بحسن وخوبی ادا کر رہے ہیں۔

| نمبر | اراکین کا نام | ذمے داری |
|---|---|---|
| ۱ | جناب نعمان اختر صاحب | صدرِ انجمن |
| ۲ | جناب محمد فیصل منصوری صاحب | نائب صدر |
| ۳ | راقم الحروف (محمد سلمان اشرف) | سیکریٹری انجمن |
| ۴ | جناب ذیشان حفیظ خان صاحب | مدیرِ مالیات |
| ۵ | جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب | مدیرِ تعلیم / چیئرمین اکیڈمک کونسل / مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس |
| ۶ | جناب سید سلیم الدین صاحب | مدیرِ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد |

| | | |
|---|---|---|
| ۷ | جناب محمد ہاشم صاحب | مدیرِ قرآن اکیڈمی کورنگی و دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول/ ناظم قرآن مرکز لانڈھی |
| ۸ | ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب | مدیرِ قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر |
| ۹ | جناب فاروق احمد صاحب | مدیرِ قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد/ مدیر شعبہ مطبوعات |
| ۱۰ | جناب نوشاد علی شیخ صاحب | مدیرِ قانونی امور |
| ۱۱ | جناب خبیب عبدالقادر صاحب | مدیرِ ذاتی رابطہ |
| ۱۲ | جناب عبدالقیوم صاحب | مدیرِ مکتبہ |
| ۱۳ | جناب زبیر اقبال صاحب | مدیرِ ملٹی میڈیا |
| ۱۴ | جناب عورش حماد حفیظ صاحب | مدیر اطلاعتی تکنیکیات |
| ۱۵ | جناب عاطف محمود صاحب | مدیرِ زکوٰۃ |
| ۱۶ | جناب عبدالرزاق کوڈ واوی صاحب | خصوصی مشیر |
| ۱۷ | جناب شاہد حسن صاحب | خصوصی مشیر |
| ۱۸ | جناب سلطان احمد کالیا صاحب | خصوصی مشیر |
| ۱۹ | جناب یاسر ابراہیم صاحب | خصوصی مشیر |
| ۲۰ | جناب نعمان نسیم صاحب | خصوصی مشیر |




## 5. مرکزی دفتر

انجمن کا مرکزی دفتر گلشن اقبال میں واقع ہے، جس میں صدرِ انجمن، نائب صدر، سیکریٹری اور شعبہ جات کے مدیران کے دفاتر کے علاوہ شعبۂ اطلاعتی تکنیکیات، شعبہ مکتبہ، شعبۂ مطبوعات اور شعبۂ مالیات بھی قائم ہیں۔

### 5.1 شعبۂ تعلیم

انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے قیام کا ایک اہم مقصد ایسے نوجوانوں کی تعلیم وتربیت کا بندوبست کرنا ہے، جو تعلیم و تعلّمِ قرآن کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیں۔ چنانچہ 1991ء سے اس مقصد کے لیے شعبۂ تعلیم وتدریس کا آغاز کیا گیا۔

### 5.1.1 شعبہ تعلیم کے تحت مجالس

انجمن کی مربوط تعلیمی سرگرمیوں کے انتظام کے لیے انجمن کے ترمیم شدہ دستور 2007 کے تحت درجِ ذیل مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا۔

#### 5.1.1.1 مجلسِ تعلیمی (Academic Council)

شعبہ تعلیم وتدریس کے تحت مرکزی دفتر میں مجلسِ تعلیم (Academic Council) قائم ہے جس کے سربراہ مدیر تعلیم ہیں۔ اس مجلس کی ذمہ داریوں میں تعلیمی منصوبہ جات کی ترتیب، مختلف تعلیمی امور میں مشاورت کے فرائض اور ذیلی اداروں میں جاری کورسز کی نگرانی شامل ہے۔

### 5.1.1.2. تعلیمی بورڈ(Board of Studies)

تمام ذیلی اداروں میں تعلیمی بورڈ’’Board of Studies‘‘ قائم ہے، جس کی سربراہی کی ذمہ داری مدیرِ ذیلی ادارہ کی ہے۔اس مجلس کی ذمہ داریوں میں تعلیمی منصوبہ جات کی سفارشات مرتب کر کے مجلسِ تعلیم کو ارسال کرنا اور منظور شدہ تعلیمی منصوبہ جات کا اجراء اوراس کی نگرانی کرنا شامل ہے۔

### 5.1.1.3 مجلسِ مشاورت(Advisory Counsil)

مدیرِ تعلیم کی تجویز کے بعد صدرِ انجمن کی دعوت پر صاحب علم وفضل افراد پر مشتمل پر ایک مجلسِ مشاورت انجمن کی سطح پر تشکیل دی جاتی ہے۔اس مجلس کے اراکین کو جاری تعلیمی منصوبہ جات کی تفاصیل اور نئے تعلیمی منصوبہ جات ارسال کئے جاتے ہیں۔ بعد ازاں اراکینِ مجلسِ مشاورت کی آراء کو مجلسِ تعلیم کی سطح پر زیرِ غور لاتے ہوئے استفادہ کیا جاتا ہے۔

شعبہ تعلیم کے تحت اہم سرگرمیاں درج ذیل ہیں:

### 5.1.2. رجوع الی القرآن کورسز

موجودہ دور میں مسلمانوں کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ ایک جانب عصری علوم کے حامل افراد اپنی زندگی کے کئی قیمتی سال اسکولوں اور کالجوں کی نذر کر دیتے ہیں اور بالعموم دینی تعلیم سے بالکل ناواقف رہتے ہیں۔ دوسری جانب وہ افراد جو دینی تعلیم کے حصول کے لیے ابتداء ہی سے دینی مدارس کا رخ کرتے ہیں وہ اکثر و بیشتر دنیوی تعلیم کے میدان میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرہ کا اصل بہاؤ عصری تعلیم ہی کی جانب ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی اکثریت گریجویشن اور ماسٹرز کرنے کے باوجود دینی تعلیم سے ناواقف ہوتی ہے بلکہ اِن میں سے اکثر قرآنِ حکیم کو سمجھنا تو درکنار اِسے پڑھنے کی صلاحیت سے بھی محروم رہتی ہے۔

### 5.1.2.1. رجورع الی القرآن کورس (سال اول)

الحمد اللہ انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے تحت قرآن فہمی کورس کا آغاز 1991ء سے کیا گیا جو بفضلہٖ باری تعالیٰ تا حال جاری ہے۔ اس کورس کا مقصد جدید تعلیم یافتہ حضرات وخواتین کو بنیادی دینی علوم سے آراستہ کیا جائے جو فہمِ دین کے حصول کے لیے ضروری ہے۔ مزید براں علمی سطح پر الحاد و مادہ پرستی کی یلغار کے سامنے بند باندھا جائے اور دین اسلام کی تعلیمات کو عوام الناس کے سامنے وقت کے محاورات اور اسلوب میں پیش کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ کورس کراچی میں چار مقامات (قرآن اکیڈمی ڈیفنس، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد، قرآن اکیڈمی کورنگی اور قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر) اور حیدرآباد میں ایک مقام (قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد) میں منعقد کیا جارہا ہے۔ بحمدہٖ تعالیٰ سبحانہٗ اب تک سینکڑوں حضرات وخواتین اس کورس کی تکمیل کر چکے ہیں۔ اس سال کورس کی تکمیل

کرنے والوں کی مجموعی تعداد 159 ہے۔جس میں حضرات کی 91 اور خواتین 68 ہیں۔

### 5.1.3. حلقات ودورات

ایسے افراد جو تعلیمی یا معاشی مصروفیت کی بنا پر صبح کے اوقات میں ہونے والے رجوع الی القرآن کورسز سے مستفید ہونے سے قاصر ہیں، ان کے لئے دینی علوم کے حصول کو ممکن بنانے کے لیے تمام ذیلی اداروں میں مختلف اوقات میں حضرات وخواتین کے لیے سال بھر حلقات ودورات کے عنوان سے مختصر دورانیے کے حسب ذیل کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے:

قرآن فہمی کورس، عربی گرامر برائے قرآن فہمی، دروس اللغۃ العربیۃ، ہفتہ وار و ماہانہ دروسِ قرآن و حدیث، درسِ ریاض الصالحین، منتخبات علومِ دینیہ، تجوید القرآن، مسائل طہارت وعبادات، بچوں کے لیے مطالعۂ قرآنِ حکیم، لسان القرآن، حلقہ ناظرہ برائے بالغان، علم وعمل کورس، Active Sundays ودیگر آن لائن کورسز۔

### 5.1.4. مختصر آن لائن کورسز

رواں سال کورونا وباء کی وجہ سے لاک ڈاؤن کا شکار رہا۔لوگوں کی اکثریت گھروں تک محدود تھی۔ ان کی تعلیم کے لئے انجمن خدّام القرآن سندھ کے تحت کئی آن لائن کورسز تشکیل دیئے گئے۔ ان کورسز میں قرآن کو سمجھنے کے لئے بنیادی عربی گرامر کی تعلیم، دروس اللغۃ العربیہ، آیات قرآنی کا عربی قواعد کے اجراء کے ساتھ ترجمہ، قرآن کریم کو صحیح مخارج وصفات کے ساتھ تلاوت کرنے کے بنیادی اسباق، سیرت النبی ﷺ کا مطالعہ، احادیث نبوی ﷺ کا مطالعہ، قرآن حکیم سے مختلف مقامات کے انتخابات کی تدریس، دینی و تحریکی لٹریچر کا مطالعہ، سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین، میرا گھر میری ذمہ داری کے عنوان سے ورکشاپس کی سیریز، عقائد اسلام، Seerah in 29 days، اور 7 سے 15 سال کے بچوں کے لئے دینی تعلیمات پر مشتمل کورسز مع بچوں کا رمضان نامی کورس شامل تھے۔ ان کورسز کو مختلف ماڈیولز میں ترتیب کے ساتھ پڑھایا گیا۔ الحمدللہ! پاکستان اور بیرون پاکستان سے شرکاء کی ایک بڑی تعداد نے ان کورسز سے استفادہ کیا۔

### 5.1.5. مدرسۃ القرآن للحفظ والقرأۃ

فی زمانہ تعلیمی اداروں میں کم وبیش مغربی نظامِ تعلیم وتربیت رائج ہے چنانچہ نئی نسل بنیادی مذہبی تعلیم سے بھی الا ماشاء اللہ محروم نظر آتی ہے۔ اس شعبہ کے زیرِ اہتمام بچوں کی دینی واخلاقی تعلیم وتربیت کے لیے قاعدہ، ناظرہ قرآن حکیم، حفظِ قرآن، نماز، مسنون دعاؤں، اورآدابِ زندگی کی تدریس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ انجمن کے تمام ذیلی اداروں میں یہ شعبہ قائم ہے۔ الحمدللہ! اس وقت درجۂ ناظرہ میں تقریباً 772 طلبہ وطالبات جبکہ درجۂ حفظ میں تقریباً 254 طلبہ وطالبات زیرِ تعلیم ہیں۔

## 5.2. مرکز تعلّم وتحقیق

مرکز تعلّم وتحقیق مرکزی دفتر کے تحت قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں قائم ہے۔ اس شعبہ کے تحت مختلف النوع تحقیقی کام انجام دیے جاتے

ہیں، نیز مختلف مکاتب فکر کے تحت شائع ہونے والے رسائل و جرائد سے منتخب مضامین مرکز تنظیم اسلامی اور مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور ارسال کیے جاتے ہیں۔ مرکز تعلّم و تحقیق کے تحت علمی و فنی کتب پر مشتمل ایک وسیع کتب خانہ بھی موجود ہے جس میں عقیدہ، علومِ قرآن، علومِ حدیث، علمِ فقہ، فتاویٰ، تفسیر، متونِ احادیث، متونِ فقہ، سیر و سوانح، تصوف و احسان، تاریخ، ادب و شاعری اور دیگر موضوعات پر تقریباً 9500 سے زائد کتب کا ذخیرہ موجود ہے جبکہ ان تمام کتب کو ڈیجیٹلائز (Digitalize) کیا جا رہا ہے اب تک ڈیجیٹل لائبریری (Digital Library) میں 1138 کتب Pdf کی صورت میں موجود ہیں۔ مزید برآں ہر ماہ دنیا بھر سے مختلف زبانوں میں شائع ہونے والے رسائل و جرائد بھی موصول ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ جدید ذرائع یعنی کمپیوٹرز مع ضروری سافٹ ویئرز اور انٹرنیٹ طلبہ کی تحقیقی صلاحیتوں میں اضافہ کے لیے دستیاب ہیں۔ الحمدللہ اس کتب خانے سے ادارہ کے جملہ اساتذہ اور مدرسین باقاعدگی سے بھرپور استفادہ کرتے ہیں۔

### 5.3 شعبۂ مطبوعات

شعبہ مطبوعات مؤسس انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ اور ادارے سے وابستہ دیگر اہلِ علم و قلم حضرات کی تحریروں کو شائع کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ شعبہ بھی مرکزی دفتر میں قائم ہے۔ اب تک شعبہ مطبوعات اور مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی جانب سے ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر اہلِ علم حضرات کی 220 مختلف عنوانات پر کتب شائع کی جا چکی ہیں۔ سال گزشتہ میں شعبۂ ہٰذا کے تحت شائع ہونے والی کتابیں حسبِ ذیل ہیں:

ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ:

(i) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب مجلّد (جلد اول و دوم)

انجینئر نوید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

(i) ترجمہ برائے تدریس قرآن حکیم (جلد پنجم)

(ii) عربی گرامر برائے قرآن فہمی

(iii) آسان عربی گرامر

(iv) تزکیۂ نفس

(v) تحفہ رمضان

(vi) منتخب نصاب نکات (حصہ اول)

(vii) منتخب نصاب نکات (حصہ دوم)

(viii) منتخب نصاب نکات (حصہ پنجم)

(ix) منتخب نصاب نکات (ششم)

## دیگر کتب:

لاہور مرکز کی ہدایات کے مطابق کتب کے ٹائٹل ''**رحماء بینھم**'' ۔ ''نفاذ دین اسلام کتابچہ کا ٹائٹل اور اسی مہم کے لیے سپلیمنٹ''۔ اور'' گلدستہ منتخب مضامین دعوتِ فکر اسلامی'' ڈیزائن کی گئیں، رجوع الی القرآن کورس کے لیے تعارفی کتابچہ، بروشر اور Panaflex شائع کیے گئے، انجمن ہٰذا کے لیٹر ہیڈ، لفافے، قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں (بروشر)، حلقات و دورات دینیہ کورسز

کے بروشر، اسٹاف کارڈ، ایمپلائی کارڈ، انجمن ہٰذا کے مرکزی دفتر کے لیے پینا فلیکس، وزیزیٹنگ کارڈ۔

زیرِاشاعت کتب:

(i) ترجمہ برائے تدریس (جلد اول، ششم، ہفتم)
(ii) منتخب نصاب (نکات) اول، سوم، چہارم
(iii) سود کی حرمت
(iv) خلاصہ مضامین قرآن
(v) عربی گرامر برائے قرآن فہمی

## 5.4 شعبۂ مکتبہ

شعبۂ مکتبہ انجمن کے تحت قائم ہونے والے ابتدائی شعبوں میں سے ایک ہے اور اس شعبہ نے ادارے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ شعبہ انجمن کے لٹریچر USB اور میموری کارڈ کی ترسیل میں مصروفِ عمل ہے۔

مالی سال 2020-21ء کے دوران شعبہ مکتبہ کی کارکردگی حسبِ ذیل رہی:

| نمبر | تفصیلات | 2019-20ء | 2020-21ء |
|---|---|---|---|
| ۱ | کتب | 4,545,530 | 13,836,455 |
| ۲ | میموری کارڈ و USB | 218,739 | 275,851 |
| | میزان | 4,764,269 | 14,112,306 |

## 5.5 شعبۂ ملٹی میڈیا

الحمدللہ، شعبۂ ملٹی میڈیا محدود وسائل کے باوجود انجمن کے کاموں کی ممکنہ حد تک جدید طرز پر ترجمانی میں معاون و مددگار رہے۔ شعبہ کی گزشتہ سال کارکردگی کا ایک اجمالی جائزہ حسبِ ذیل ہے:

قرآن فورَم کے عنوان کے تحت 40 مختلف موضوعات پر ٹاک شوز ریکارڈ کیے گئے۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل اور قرآن چینل کے فیس بک اور یوٹیوب چینل پر نشر کیا جاتا ہے اور قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ نگرانِ انجمن محترم شجاع الدین شیخ صاحب کے ہفتہ وار درسِ قرآن کے سلسلہ کے 30 پروگرام ریکارڈ کیے گئے جنہیں باقاعدگی سے نشر کیا جاتا رہا۔ مزید برآں دین اسلام کے تقاضے اور لائحہ عمل کے عنوان سے منعقد ہونے والے جلسہ، سالانہ اجلاسِ عامہ اور کراچی پریس کلب پر ہونے والے مظاہروں کی ویڈیو ریکارڈنگز کی گئیں۔ اس کے علاوہ مختلف تربیتی کورسز اور اجتماعات کے لیے نگرانِ انجمن کے 7 مختلف عنوانات پر لیکچرز ریکارڈ کیے گئے جبکہ 15 متفرق ویڈیو پیغامات اور پالیسی اسٹیٹمنٹ کے علاوہ تذکیر کے عنوان کے تحت 14 پروگرام ریکارڈ کر کے مرکز تنظیم اسلامی کو ارسال کیے گئے۔ سود کے خلاف مہم کے سلسلہ میں 3 ویڈیوز تیار کی گئیں۔ اس کے علاوہ ریڈیو پاکستان کے لیے آڈیو لیکچرز کے علاوہ نگرانِ انجمن اور جناب عامر خان صاحب کے خطباتِ جمعہ کی آڈیو ریکارڈنگز کا اہتمام کیا گیا۔ Qtv پر رمضان المبارک

کے دوران نگرانِ انجمن کا دورۂ ترجمۂ قرآن براہِ راست نشر ہوا جس میں آیات اور اہم نکات اسکرین پر دکھانے کے لیے شعبۂ ملٹی میڈیا کی طرف سے مکمل تکنیکی معاونت فراہم کی گئی۔ ملن بینکوئٹ کورنگی سے صدرِ انجمن انجینئر نعمان اختر صاحب کے دورۂ ترجمۂ قرآن کو انجمن کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر آیات کے ساتھ روزانہ براہِ راست دکھانے کا اہتمام کیا گیا۔ آج کی آیت کے عنوان سے رمضان المبارک کے دوران نگرانِ انجمن کا روزانہ ایک آیت کا بیان Play TV پر روزانہ کی بنیاد پر نشر ہوا جسے انجمن کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بھی باقاعدگی سے شیئر کیا گیا۔ خلاصہ یہ کہ گزشتہ سال کے دوران 25 منٹ یا اُس سے زائد دورانیہ کے کم بیش 207 پروگرام ریکارڈ کیے گئے جن کا کل دورانیہ 187 گھنٹے بنتا ہے۔ اس کے علاوہ 20 منٹ یا اس سے کم دورانیہ کے تقریباً 80 کلپس ریکارڈ کیے گئے جن کا کل دورانیہ تقریباً 10 گھنٹے بنتا ہے۔ یہ تمام ریکارڈنگز انجمن کی ویب سائٹ، فیس بک، یوٹیوب اور واٹس ایپ پر شیئر کی گئیں۔ اس کے علاوہ نگرانِ انجمن کے مختلف عنوانات کے تحت 11 لیکچرز کو براہِ راست نشر کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ نیز مختلف مدرسین کے دروس کی ریکارڈنگز متعدد ٹی وی چینلز مثلاً راوی ٹی وی، نیو نیوز اور میٹرو ون نیوز چینل وغیرہ پر نشر ہوئیں۔

## 5.6 شعبہ اطلاعتی تکنیکیات (I.T)

اطلاعتی تکنیکیات کا استعمال جو کہ ہمیشہ سے ہی اداروں کی ترقی، نظم اور عمل کے لیے انتہائی ضروری تھا، لیکن موجودہ وبائی امراض خصوصاً دنیا بھر میں لاک ڈاؤن کی صورت حال کے پیشِ نظر اب ناگزیر ہو گیا ہے۔ رواں دورانیہ میں جہاں اس باعث حکومت کی جانب سے تمام سرگرمیاں تقریباً معطل کر دی گئی تھیں، ایسے میں شعبہ ہٰذا کی غیر معمولی کوششوں اور کاوشوں کے نتیجے میں انجمن ہٰذا کی سرگرمیاں بحمد للہ بلاتعطل جاری رہیں۔ رواں دورانیہ میں شعبہ ہٰذا کی سرگرمیاں حسب ذیل رہیں:

مرکزی دفتر سمیت ذیلی اداروں میں لوکل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ کی فراہمی، باقاعدگی کے ساتھ دیکھ بھال اور آئی ٹی سے متعلق مسائل پر رہنمائی (Support) فراہم کی گئی۔ انجمن کی ویب سائٹ www.quranacademy.com کی دیکھ بھال کی گئی، مختلف پروگرامات اور کورسز کی اطلاعات و دیگر اعلانات نشر کیے گئے، نیا مواد مثلاً 205 آڈیو خطابات، 133 ویڈیو خطابات اور 3 کُتب اپلوڈ (Upload) کی گئیں، جن سے بلا مبالغہ ہزاروں لوگوں نے استفادہ کیا۔ ویب سائٹ پر دستیاب نوٹیفیکیشن سروس پر Subscribed صارفین کو تمام مواد کی اطلاعات اور اعلانات ارسال کئے گئے، ان Subscribed صارفین کی تعداد تقریباً 4,000 ہے۔ 400 سے زائد صارفین کی جانب سے ویب سائٹ پر دستیاب Contact Us فارم کے ذریعہ مختلف معلومات اور رہنمائی (Support) کے ضمن میں پیغامات موصول ہوئے جنہیں متعلقین کو ارسال کیا گیا اور صارفین کو مطلوب معلومات فراہم کی گئیں۔ مذکورہ دورانیہ میں 117,000 سے زائد لوگوں نے انجمن کی ویب سائٹ سے استفادہ کیا جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 26 فیصد زیادہ ہے۔ انجمن کی پہلی موبائل ایپ ''قرآن میڈیا پلیئر'' جو کہ گزشتہ سال Android Play Store اور بذریعہ ویب سائٹ www.quranmediaplayer.com پر جاری کی گئی تھی، اس میں مزید کچھ خصوصیات کا اضافہ کیا گیا، اس

میں آڈیو کے ساتھ ساتھ آیت بہ آیت ویڈیو کی بصارت وسماعت کے لیے کام جاری ہے۔ www.lms.quranacademy.com پر امسال شعبہ تعلیم کی جانب سے 26 آن لائن فہمِ دین کورسز جبکہ دوران رمضان 10 مختلف عنوانات سے آن لائن کورسز منعقد کیے گئے، اس ضمن میں شعبہ ہٰذا کی جانب سے کورسز کے انعقاد اور زرلٹ وغیرہ کی تیاری میں بھرپور معانت فراہم کی گئی۔ ان تمام کورسز میں 10 ہزار سے زائد داخلے لیے گئے جن میں سے 1,267 کو کامیابی وشرکت کی اسناد ارسال کی گئیں۔ دورانِ رمضان المبارک دورۃ ترجمہ قرآن کے سامعین کے لیے خصوصاً تذکیر بالقرآن کورسز بذریعہ LMS اور Android App جاری کیا گیا، جس میں 308 حضرات نے شرکت کی، جبکہ 52 کو کامیابی کی اسناد ارسال کی گئیں۔ دورانِ رمضان ہی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب کا دورۂ ترجمۂ قرآن live.quranacademy.com پر براہِ راست نشر کیا گیا مزید برآں اس پروگرام کی ویڈیو اور آڈیو ریکارڈنگ روزانہ کی بنیاد پر ویب سائٹ پر جاری کی گئیں۔ الحمدللہ! اکاؤنٹس/ممبر/ مکتبہ کے لیے نئے آن لائن سافٹ ویئر کی تیاری کا کام تکمیلی مراحل میں ہے۔ اس کے علاوہ دیگر شعبہ جات کو IT سے متعلق امور میں تکنیکی معاونت فراہم کی گئی۔

### 5.7. دیگر قابلِ ذکر سرگرمیاں

#### 5.7.1. دورۂ ترجمہ قرآن

رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمہ قرآن ایک منفرد اور اپنی مثال آپ سلسلہ ہے۔ الحمدللہ! کراچی میں یہ سلسلہ ربع صدی سے باقاعدگی سے جاری ہے اور اِس سے اِستفادہ کرنے والے حضرات وخواتین کی تعداد میں سال بہ سال اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ خاص طور پر رمضان المبارک کے آخری عشرے میں قرآنِ کریم کو سمجھنے کی تڑپ رکھنے اور اس سے محبت کرنے والوں کا شوقِ تعلّمِ قرآن قابل دید ہوتا ہے۔ ان محافل کے انتظامات تنظیمِ اسلامی کا مقامی نظم کرتا ہے البتہ مدرس کے فرائض انجام دینے والے باسعادت افراد تقریباً تمام ہی انجمن خدّام القرآن کے زیرِ انتظام قرآن اکیڈمیز کے فاضلین وفارغ التحصیل ہوا کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ انجمن خدام القرآن کا اصل ثمرہ تو یہی داعئِ قرآن ہیں!

امسال یہ 21 مقامات پر دورۃ ترجمہ قرآن اور 18 مقامات پر خلاصہ مضامینِ قرآن کی محافل کا انعقاد ہوا۔ مزید برآں نگران انجمن محترم شجاع الدین شیخ صاحب کا دورۃ ترجمہ قرآن سیٹلائٹ چینل Qtv پر براہِ راست نشر کیا گیا۔




## 6. ذیلی ادارے

انجمن خدام القرآن کے مرکزی دفتر کے تحت اس وقت سات ذیلی ادارے سرگرمِ عمل ہیں جنہیں اوپر ادارتی خاکے کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہے۔ انجمن کے نظام العمل کی دفعات کے تحت انتظامی معاملات بحسنِ خوبی چلانے کے لیے ہر ادارے میں مجلسِ منتظمہ قائم ہے۔ اس مجلس کی تشکیل کی ذمہ داری مدیر ادارہ کی ہوتی ہے اور وہی اس کی سربراہی کرتے ہیں، جبکہ اراکین شوریٰ میں سے بھی کچھ ارکان ان مجالس کا حصّہ ہوتے ہیں۔

### 6.1 قرآن اکیڈمی ڈیفنس

بانیٔ انجمن ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے اپنے دستِ مبارک سے یکم رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ مطابق 18 مارچ 1991ء کو قرآن اکیڈمی ڈیفنس کا افتتاح فرمایا۔ یہ ادارہ ساحلِ سمندر کے ایک پُرفضا مقام پر واقع ہے جس کا مجموعی رقبہ تقریباً 4 ہزار مربع گز ہے۔ ادارے کی عمارت میں دیگر شعبہ جات کے ساتھ ساتھ ایک وسیع و عریض مسجد بنام ''مسجد جامع القرآن'' قائم ہے۔ اس مسجد میں تقریباً 5 ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔ جہاں دورانِ رمضان نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کی محفل کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں کم وبیش 6 سو حضرات و




خواتین شرکت کرتے ہیں۔ آخری عشرہ میں یہ تعداد تقریباً دگنی ہوجاتی ہے، اعتکاف کی سعادت حاصل کرنے والے افراد کی تعداد 200 ہوتی ہے۔ الحمدللہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں انجمن ہٰذا کے مقاصد کے حصول کے لیے رجوع الی القرآن کورس سال اول کے انعقاد کا سلسلہ 1991ء سے جاری ہے۔ اس کے علاوہ حلقات و دورات (ShortCourses) کی سرگرمیاں بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ ادارے کے تحت ایک لائبریری بھی موجود ہے جس میں مختلف دینی موضوعات پر مشتمل کتب کا ذخیرہ دستیاب ہے۔ الحمدللہ ادارے کے زیر اہتمام 1998 سے وفاق المدارس العربیہ سے الحاق شدہ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ بھی قائم ہے جو کہ ناظرہ قرآنِ حکیم اور حفظِ قرآن کے ساتھ ساتھ بچوں اور بچیوں کی دینی تعلیم و تربیت کے لیے اپنی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہے۔ مزید برآں دیگر شعبہ جات میں انتظامی اُمور، تعمیر و مرمت، مکتبہ اور آئی ٹی اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ نیز مرکزی دفتر کے شعبہ ملٹی میڈیا کی سرگرمیاں بھی ادارہ ہٰذا میں جاری ہیں۔

### 6.2. قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد، انجمن خدّام القرآن سندھ کے ذیلی ادارے کے طور پر گزشتہ 17 سال سے اس پُرفتن دور میں دین کے عظیم




فریضے،تعلیم وتعلّم کی ادائیگی میں مصروف ہے۔ادارے کی عمارت 1766 مربع گز فٹ رقبے پر مشتمل ہے۔ادارے کی عمارت میں دیگر شعبہ جات کے ساتھ مسجد جامع القرآن بھی قائم ہے جس میں تقریباً 500 نمازیوں کی گنجائش ہےاور امسال دورانِ رمضان المبارک 23افراد نے اعتکاف فرمایا۔

اس ادارے کے تحت رجوع الی القرآن کورس سالِ اول اور حلقات و دورات (Short Courses) کی سرگرمیاں تسلسل سے جاری ہیں اور امسال رجوع الی القرآن کورس سال دوم کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔مزید براں مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ (الحاق شدہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان) کے نام سے قائم شعبے کے زیرِ اہتمام بچوں کی دینی و اخلاقی تعلیم وتربیت کے لیے باقاعدہ ناظرہ قرآن حکیم، حفظ قرآن، نماز، مسنون دعائیں، عربی متن وترجمہ کے ساتھ چالیس احادیث اور آدابِ زندگی کی تدریس کے ساتھ ساتھ بچوں کی جسمانی ورزش اور کھیل کود کا بھی خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ادارے میں دارالاقامہ کی سہولت بھی دستیاب ہے جہاں رہائشی طلبہ کے لیے بہترین قیام وطعام کی سہولت موجود ہے۔امسال یہاں 17 طلبہ مقیم ہیں۔علاوہ ازیں مرکز تعلّم وتحقیق (Learning and Research Center) قائم ہے جس کے تحت علومِ اسلامی کی قدرے وسیع لائبریری بھی ہے۔مزید یہ کہ تنظیم اسلامی کے تحت ہونے والے تربیتی کورسز اور مختلف پروگرامز بھی ادارہ ھٰذا میں منعقد کئے جاتے ہیں۔ انجمن خدام القرآن کے تحت خبرنامہ کی تیاری اور اجراء کا کام بھی ادارہ ھٰذا میں قائم شعبہ تصنیف وتالیف انجام دے رہا ہے۔




### 6.3. قرآن اکیڈمی کورنگی

1995 میں کورنگی کے علاقہ زمان ٹاؤن میں بارہ سو مربع گز کے رقبے پر مشتمل قرآن مرکز کورنگی کا قیام عمل میں آیا جلد ہی ادارے کی بڑھتی ہوئی تعلیمی سرگرمیوں کے پیشِ نظر اسے قرآن اکیڈمی کا درجہ دیا گیا۔

یہاں گزشتہ کئی سالوں سے با قاعدگی کے ساتھ رجوع الی القرآن کورس (سالِ اول) کے ساتھ ساتھ شام کے اوقات میں مختصر دورانیہ کے کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ رواں دورانیہ میں عربی گرامر، سیرۃ النبی ﷺ اور دیگر متفرق موضوعات پر کورسز اور دروسِ قرآن کی محافل کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ ناظرہ اور حفظِ قرآنِ حکیم کے لیے مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کے عنوان سے با قاعدہ شعبہ بھی قائم ہے، الحمدللہ دسمبر 2019 میں مدرسہ ہٰذا کا الحاق وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ہوا۔ رواں دورانیہ میں تین حفاظ نے ادارے کے تحت وفاق المدارس کے سالانہ امتحان میں امتیازی نمبروں سے کامیابی حاصل کی۔ ادارے میں رفقاء و احباب کے استفادہ کے لئے لائبریری و مکتبہ بھی قائم ہے جس میں محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے خطبات و تصانیف کے علاوہ مختلف معروف اسکالرز کے بیانات، تفاسیر و تصانیف بھی موجود ہیں جن سے رفقاء و احباب استفادہ کرتے ہیں۔

### 6.4. قرآن انسٹیٹیوٹ گلستانِ جوہر

2006 میں قائم شدہ قرآن مرکز کی توسیع 2016 میں عمل میں آئی اور اسے قرآن انسٹیٹیوٹ کا درجہ دیا گیا۔ اس وقت یہ ادارہ کراچی




کے علاقے گلستان جوہر میں واقع سالکین بسیرا اپارٹمنٹ کی بیسمنٹ اور گراؤنڈ فلور پر مشتمل ہے۔ بیسمنٹ میں تقریباً 400 نمازیوں کی گنجائش کی حامل مسجد بنام ''مسجد جامع القرآن'' قائم ہے، جبکہ گراؤنڈ فلور پر کلاس رومز اور دفاتر قائم ہیں۔

رواں سال انسٹیٹیوٹ میں صبح کے اوقات میں ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس (سالِ اول) جبکہ مختلف اوقات میں آسان عربی گرامر، دروس اللغۃ العربیہ، منتخبات علوم دینیہ اور ترجمہ قرآن و تجوید کے ساتھ بچوں کے لیے تربیتی کورسز کا سلسلہ جاری رہا۔ اس سال بحمدِ تعالیٰ 300 سے زائد حضرات، خواتین اور بچے ان کورسز سے مستفید ہوئے۔ موجودہ وبائی صورت حال کے پیش نظر شرکاء کے لئے آن لائن کورسز کا انعقاد بھی جاری رہا۔ ادارے سے منسلک مسجد میں خطاب جمعہ کا اہتمام ہوتا رہا۔ نمازِ جمعہ کے بعد عربی خطبہ کا ترجمہ بھی مکتبہ پر تقسیم ہوتا ہے۔ مسجد میں تنظیم اسلامی کے تحت مختلف تربیتی اور مشاورتی اجتماعات کا انعقاد ہوا۔ ادارہ ہٰذا میں تعلیمی سرگرمیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مکتبہ اور لائبریری بھی قائم ہے جس سے طلبہ کے علاوہ قرب و جوار کے افراد استفادہ کرتے ہیں۔ انجمنِ ہٰذا اور تنظیم اسلامی کی مطبوعات کے علاوہ دیگر اداروں اور مختلف علماء کی کتب بھی لائبریری میں موجود ہیں۔ مزید برآں بچوں کے قاعدہ و ناظرہ کی تعلیم کے لیے مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کے نام سے باقاعدہ شعبہ بھی قائم ہے۔ رواں ماہ بچوں کی تعداد تقریباً 50 رہی۔ جبکہ بعد نمازِ فجر بالغان کے لیے بھی حلقہ قاعدہ و ناظرہ قرآن مجید کی تدریس جاری رہی۔ وابستگان ادارہ کی علمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لئے وقتاً فوقتاً مختلف کورسز کا انعقاد بھی جاری رہا۔




### 6.5. قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے ذیلی ادارے ''قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد'' کا قیام 2017 میں عمل میں آیا، یہ ادارہ اندرون سندھ میں انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کی توسیع کا پہلا مظہر ہے۔

الحمدللہ گزشتہ 5 سالوں سے انجمن کے مذکورہ ذیلی ادارے میں رجوع الی القرآن کورس باقاعدگی سے جاری ہے، بچوں کے لئے ناظرہ قرآن حکیم کے ساتھ نماز، مسنون دعائیں، منتخب احادیث، اسماء الحسنی اور آداب زندگی کی تدریس کا اہتمام کیا جاتا ہے، مزید براں بچے اور بچیوں میں قرآن فہمی کو پروان چڑھانے اور ان کی دینی اور اخلاقی تعلیم کے لیے مطالعہ قرآن حکیم کا سلسلہ بھی جاری ہے۔اسی طرح شام کے اوقات میں بالغان کے لئے ناظرہ قرآن کی تعلیم بھی جاری ہے، مختلف اوقات میں مختصر وطویل دورانیہ کے کورسز کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ رواں دورانیہ میں ویک اینڈ لغۃ العربیہ، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیرت صحابہؓ اور آسان عربی گرامر کورسز کا انعقاد کیا گیا۔مزید یہ کہ طلبہ میں تشویق و ترغیب اور حوصلہ افزائی کے لیے اسناد وتحائف بھی تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ انجمن خدّام القرآن کے تحت ہونے والے آن لائن و دیگر کورسز کا بھی انعقاد کیا گیا۔ ہفتہ وار بنیادوں پر دروس قرآن وحدیث کی محافل بھی ادارے کی مستقل سرگرمیوں میں شامل ہیں۔ ادارہ میں رفقاء واحباب کے استفادہ کے لیے لائبریری اور مکتبہ بھی قائم ہے جس میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ کے خطبات وتصانیف کے علاوہ مختلف




تفاسیر وتصانیف بھی موجود ہیں۔ بحمدہٖ تعالیٰ ان تمام سرگرمیوں کے ذریعے سے شہر حیدر آباد میں ادارہ ہذا اور انجمن خدّام القرآن کا تعارف بڑھ رہا ہے اور ہر آنے والے دن کے ساتھ ادارے کی سرگرمیوں میں مزید اضافہ بھی ہوتا جا رہا ہے۔

## 6.6 قرآن مرکز لانڈھی

انجمنِ ہٰذا کے تحت 2007ء میں قرآن مرکز لانڈھی کا قیام عمل آیا۔ مرکز کے قیام سے اب تک بچوں اور بچیوں کے لیے باقاعدگی کے ساتھ قاعدہ وناظرہ کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جبکہ اگست 2014ء سے حفظِ قرآن کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔ دسمبر 2020ء میں شعبہ حفظ کا وفاق المدارس سے الحاق بھی ہو گیا ہے۔ مدرسہ میں طلبا کے سہ ماہی، شش ماہی اور سالانہ امتحانات کا انعقاد بھی کیا گیا۔ دوران سال 7 حفاظ وفاق المدارس کے امتحان میں شریک ہوئے اور درجہ ممتاز میں کامیابی حاصل کی۔

شام کے اوقات میں حلقات ودوراتِ دینیہ کا انعقاد کیا جاتا رہا۔ رواں دورانیہ میں عربی گرامر، تجوید القرآن، اور دیگر تعلیمی وتربیتی کورسز کا انعقاد کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف اوقات میں دروس قرآن وحدیث کی محافل کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ مزید برآں، عوام کے استفادہ کے لیے مکتبہ ولائبریری بھی قائم ہے۔ جس میں محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے خطبات وتصانیف کے علاوہ دیگر معروف اسکالرز کے بیانات، تفاسیر وتصانیف بھی موجود ہیں۔




### 6.7 دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول

قرآن اکیڈمی کورنگی کی عمارت میں 2008ء میں دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول(The Hope Islamic Secondary School) کا قیام عمل میں آیا۔ جہاں الحمدُ للہ 550 طلبہ و طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ اسکول کے پیش نظر اسلامی معاشرہ کے خواب کو تعبیر فراہم کرنا ہے۔ امت کے نوجوانوں کی کردار سازی خصوصی مقصد ہے جس کے ذریعے دنیا و آخرت میں کامیابی ممکن ہو سکے۔ اسکول کے مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اسکول کا تعلیمی نصاب اسلام کی نظریاتی تعلیمات سے ہم آہنگ ہے۔ قرآن حکیم کے مکمل ترجمہ اور تفہیم پر مبنی خصوصی نصاب تعلیم کا لازمی حصّہ ہے تاکہ طلبہ اپنے مقصد حیات کا شعور حاصل کر کے انفرادی اور اجتماعی دائرے میں اسلامی روح کے مطابق اپنا تعمیری کردار ادا کر سکیں۔ یہ اسکول ابتدائی قدم ہے جس کے ذریعے علوم قرآنی کی بنیاد پر ایک وسیع نیٹ ورک کی تشکیل پیش نظر ہے تاکہ نئی نسل کو دینی خطوط پر مبنی نظام تعلیم فراہم کیا جا سکے۔ ابتدا ہی سے اسلام ان کی سیرت و کردار میں رچ بس جائے اور آئندہ یہی نوجوان قرآن کے داعی بن کر معاشرے کو قرآن کے نور سے منور کریں اور اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی راہ ہموار کر سکیں۔

## 7. انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے مستقبل کے منصوبہ جات

شہر کے دیگر علاقوں میں قرآن مراکز ومساجد اور قرآن اکیڈمیز کا قیام۔ اس سلسلے میں گلشن معمار میں ایک صاحبِ خیر کی جانب سے زمین فراہم کی جا چکی ہے، اس منصوبہ میں وسیع مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی اور کلیۃ القرآن کا قیام پیشِ نظر ہے۔ مزید برآں کراچی کی بڑھتی ہوئی آبادی اور گلشن اقبال اور گلستان جوہر کا علاقہ جو کہ گنجان آبادی پر مشتمل ہے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا ہے کہ قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر کو قرآن اکیڈمی کا درجہ دے کر ایک نئی جگہ منتقل کر دیا جائے، جس کے لیے کاروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

- شعبۂ محاضرات (مختلف عنوانات پر کانفرنسز کا انعقاد)
- میڈیا سیل کا قیام اور سوشل میڈیا پر انجمن کے ذیلی اداروں اور سرگرمیوں کی مناسب تشہیر
- ایک علمی اور تحقیقی سہ ماہی مجلّے کا اجراء
- شہر کے معروف کتب بازاروں میں مکتبہ خدّام القرآن سیل پوائنٹس کا قیام
- شعبۂ ترجمہ کے تحت کتب کے عربی، فارسی، بنگلہ، پشتو، ہندی، سندھی اور انگریزی تراجم کی تیاری
- دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول کی توسیع اور خواتین کے لیے کالج کا قیام، اس سلسلے میں الحمدللہ صاحب خیر کی جانب سے ایک گھر فراہم کیا گیا جہاں ابتدائی طور پر حفظ وناظرہ کلاسز کا آغاز کر دیا گیا ہے
- دیگر مدرسین کے تمام آڈیو ویڈیو خطابات کی Digitization
- ویب قرآن چینل کا اجراء
- مکتبہ ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ (ویب سائٹ اور سافٹ ویئر)
- **Academic Data Management Software** کی تیاری

## 8. ہدیۂ تشکر از سیکرٹری انجمن

